تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 19, 2023

پریس ریلیز

امریکی یونیورسٹی پینی سلوانیا کے وفد کا جامعہ دورہ

امریکی یونیورسٹی پینی سلوانیا، فیلادلفیا سے بائیس اراکین پر مشتمل ایک وفد جس کی سربراہی ڈائریکٹر آف لیڈرشپ پروگرام اور یونیورسٹی کے طرز حکمرانی کے پین پروجیکٹ کے کوڈائریکٹر ڈاکٹر پیٹر اکیل کر رہے ہیں اس نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دورہ کیا۔ وفد نے پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری) شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈینز، فیکلٹی اراکین اور طلبا سے دیار میر تقی میر میں ملاقات کی۔ وفد نے طلبا اور فیکلٹی اراکین سے بات چیت کی تاکہ وہ طلبا کے تجربات، معیاری اور سماجی معنویت اور فیکلٹی ورک اور ریسرچ کے متعلق معلومات لے سکیں اور ساتھ ہی یہ وفد ممکنہ علمی اشتراک کا بھی متلاشی تھا۔ اے آئی یو کے جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر آلوک کمار مشرا نے بھی پروگرام میں موجود تھے۔

وفد کے دوسرے اہم اراکین میں ڈاکٹر لاری مونیتا، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور ڈاکٹر دمانی وہائٹ۔ لیوس، اسسٹنٹ پروفیسر آف ہائر ایجوکیشن بھی شامل ہیں۔ پینی سلوانیا یونیورسٹی میں کے ایگزیکیٹو ڈائریکٹوریٹ میں مختلف یونیورسٹیوں کے رجسٹرڈ گروپ بھی وفد کا حصہ تھے۔

پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری) شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے وفد کا باقاعدہ استقبال کرنے کے بعد کہا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ فیکلٹی ایکسچینج پروگرام، اسٹوڈینٹس ایکسچینج پروگرام، جوائنٹ ریسرچ، جوائنٹ کانفرنس کے توسط سے بیرونی تعلیمی اداروں کے ساتھ مذاکرات وقفے وقفے سے کررہا ہے اور تدریس و تحقیق کے پروسیس میں نئے معیارات طے کرنا اور یونیورسٹی کو بین الاقوامی بنانا اولین ترجیح ہے۔

شیخ الجامعہ نے مزید کہا کہ 'مجھے پورا بھروسہ ہے کہ اس وفد کے دورے سے ہم پینی سلوانیا یونیورسٹی کے ساتھ پائے دار علمی اور تحقیقی اشتراک کے اہل ہو پائیں گے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ اور یوپین دونوں یونیورسٹیاں تال میل بٹھا کر دوہری اور مشترکہ ڈگری پروگرام شروع کرسکتے ہیں۔''

وفد نے طلبا اور فیکلٹی اراکین کے ساتھ طلبا کے تجربات اور فیکلٹی ورک اور رسرچ کے معیار اور سوشل ریلیونس کے شعبوں کے متعلق بات کی۔ فریقین سے چھ چھ گروپ بنائے گئے اور ان خطوط پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ مذاکرات کے بعد وفد نے سینٹرل انسٹرومینٹل سہولیات، اے جے کے۔ ماس کمیونی کیشن رسرچ سینٹر، این ایم اے کے پٹودی اسپورٹس کمپلکس اور پریم چند آرکائیوز اور لیٹریری سینٹر میوزیم کا دورہ کیا۔

پینی سلوانیا یونیورسٹی کا مختصر تعارف کرانے اور اس کی موجودہ صورت حال بتانے کے بعد ڈاکٹر پیٹر ایکیل نے کہا کہ یونیورسٹی جامعہ ملیہ اسلامیہ سمیت ہندوستان کے دیگر اداروں کے ساتھ اشتراک کی خواہاں ہے۔ ان کی یونیورسٹی ہندوستان کے ساتھ طویل تر بنیادوں پر کام کرنا چاہتی ہے۔

پینی سلوانیا یونیورسٹی کو یوپین کے نام بھی جانا جاتا ہے کیوں یوپین فیلا دلفیا میں ایک پرائیوٹ لوی لیگ رسرچ ہے جو کہ امریکہ میں اعلی تعلیم کے سب سے قدیم اداروں میں سے ایک ہے جس کا قیام سترہ سو انچاس میں ہوا تھا۔ یونیورسٹی کے بنیاد گزار اور پہلے صدر بنجامن فرینکلن تھے جو اتفاق سے امریکہ آزادی کے اعلان نامے کے دستخط کنندگان میں سے بھی ایک تھے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی